تفسیر سورۂ ق

مولانا ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ

﴿ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ﴾

''بلکہ ان لوگوں کو تعجب اس بات پر ا ایک ار والا ا 'بلکہ لوان کے پاتعجب کیا، کالبووں ا: " ہے بات پھرپھر

خوں﴿ بـــل ﴾اس بات کا ہو ن یکیہ کر خبر دوف ، سے حس تمہا اس طرح آ طرح مکیر فرعجیب ں، ہ میں انہی کے رگول تعجب نِ علیہ کی تعجب پ انہی کے رگول ں،مگرا تعجب اس بات پر ا 'بلکہ لوایک رگول ان کے پاتعجب کیا ۔ تعجب پ کی رسالت کے بارے بلکہ مخذر صاف صاف ا:

﴿ وَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ﴾

تعجب پ رگول آ ں،اس تعجب پ تو بلکہ لوایک ہو ں ےتے ری طرح للہ سے اور بازاروں بلکہ ﷺ ں۔

ں چہ قومِ عام پچابات یسات ملہ کے بارے بلکہ ت

﴿ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ يعنی وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴾

''" تو تمہارے نہیں ، جو ! للہ وہ 'للہ تا اور جا سے وہ 'ین او ا طرح کے تعجب می کی اطاعت کی تو! سی ن ہتے پھرپھر

ا کو طرح وہ" عجیب :

﴿ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ﴾

''" چنا رگول للہ وہ للہ تا اور بازاروں بلکہ علیہ السلام تا پھرپھر

انہی متعد اس کے جواب بلکہ ا ونا:

﴿ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ﴾

''اور ! لو م رگول محمد وہ سب للہ للہ اور بازاروں بلکہ ﷺ پھرپھر

" اور اس کے " وزن ا ۔اضات مجیدں تعجب پ میں کے رگول پر کفا، # کا ذ مع جوابات کہا بہتر مات پر [ل ،ا 'جوابات بلکہ ایک ا کھاب"

﴿ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ هُدًى لِّلنَّاسِ ﴾

''اور ان لوگوں انہی کو نہیں پچا ر چا پنی وتھے آ پچھا، جب مجیدں انہی پ پ آ ا تعجب پ چلتے منزب کو مو (ملہ) تعجب طیبہ ، بلکہ لوگوں کے ہی رو لی اور) ا اس کو کس ا تار ا پھرپھر

مو ملہ اور ان پر منزب تھی ل من انہی ،تو ہ میں 'انہی کے رگول او تعجب ن انہی کی منزب مو ملہ کو کے باوصف انہی طرلیے پ* ر تو ہنما اب ہ میں کو رگول لیے بلکہ انہی متعد* ر آ؟ طرلیے انہی متعد کے ا شر ر بلکہ وہ کو چا و طرلیے ، :



کے جن لاکھ سقم کمگی غو. با لا بے لح

اداریہ

رمضان کے مبارک اثرات کی حفاظت کیجیے!

محمد اسحاق بھٹی

رمضان کے مہینے کو اللہ تعالیٰ نے تمام مہینوں سے افضل ترین مہینا قرار دیا ہے اور اپنے خاص فضل وکرم سے اس میں عبادت کو باقی تمام دنوں کی عبادت سے کئی گنا زیادہ اجر وثواب کا مستحق ٹھہرایا ہے۔ ایک حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے تین دفعہ فرمایا: رَغِمَ اَنْفُه ، رَغِمَ اَنْفُه ، رَغِمَ اَنْفُه اس شخص کی ناک خاک آلود ہو۔ اس شخص کی ناک خاک آلود ہو۔ اس شخص کی ناک خاک آلود ہو۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس مختصر لفظ کی تشریح دریافت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص ذلت وخواری سے دوچار ہو جس کی زندگی میں رمضان کا مبارک مہینا آیا اور اس میں اس نے اتنی عبادت نہ کر لی کہ اس کے پچھلے تمام گناہ معاف ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ اس کے لیے رحمت ومغفرت کے دروازے کھول دے۔

ایک دوسری حدیث میں اس مضمون کو اس طرح اَدا کیا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر چڑھے اور آپ نے تین دفعہ آمین، آمین، آمین کہا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی یا رسول اللہ! تین دفعہ آمین کہنے سے آپ کا کیا مطلب ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس جبریل امین آئے اور کہا جس شخص کی زندگی میں رمضان کا مہینا آئے اور وہ اس میں اتنی عبادت نہ کرے کہ اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ پھر یہ کہہ کر جبرئیل علیہ السلام نے مجھ سے کہا آپ کہیے آمین۔ میں نے کہا آمین! (یا اللہ! ایسا ہی ہو۔)

پھر جبرئیل علیہ السلام نے کہا: جس شخص کے ماں باپ یا دونوں میں سے کوئی ایک زندہ ہو اور وہ ان کی اتنی خدمت نہ کرے کہ اس خدمت کے عوض اس کے سارے گناہ بخش دیئے جائیں، اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ جبرئیل علیہ السلام نے مجھ سے کہا آپ کہیے آمین۔ میں نے کہا: آمین (یا اللہ ایسا ہی ہو۔)

اس کے بعد جبرئیل علیہ السلام نے کہا: جس شخص کے سامنے آپ کا (یعنی محمد ﷺ) کا اسم گرامی لیا جائے اور وہ آپ ﷺ پر درود وسلام نہ بھیجے، اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ جبرئیل علیہ السلام نے پھر مجھ سے کہا آپ کہیے آمین۔ میں نے کہا: آمین (یا اللہ ایسا ہی ہو۔)

غور فرمایئے جو دعا یا بددعا جبرئیل امین کریں اور اس پر آمین کہنے والے اللہ تعالیٰ کے مقرب ومقدس ترین بندے محمد رسول اللہ ﷺ ہوں، وہ کتنی جلدی قبولیت کا درجہ حاصل کر لے گی۔ اور اس کے بعد ان لوگوں کا کیا حال ہوگا، جو اس بددعا کی زد میں آتے ہوں۔

اس حدیث کی روشنی میں ہر شخص پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرے اور ان افعال وکردار کا گہری نظر سے جائزہ لے جو وہ رمضان المبارک میں انجام دیتا ہے۔ ہر شخص اپنے آپ کو ٹٹولے اور اندازہ لگائے کہ کیا وہ اتنی نیکیاں کر رہا ہے جو اس کے لیے رحمت ومغفرت کا باعث بن سکیں؟ اور اس کے گناہوں کی معافی کا مؤثر ذریعہ ثابت ہو سکیں؟

رمضان کا مہینا اس تیزی سے گزر جاتا ہے کہ طبیعت پر قطعی بار نہیں گزرتا اور کوئی پتا نہیں چلتا کہ کب آیا اور کب گزر گیا۔ اسی لیے قرآنِ مجید نے اسے اَیَّامًا مَّعْدُوْدَات (گنتی کے چند روز) قرار دیا ہے۔ اور گنتی کے ان چند دنوں میں اللہ کی رحمتوں اور بخششوں کا جو پھیلاؤ ہے اور نعائم خداوندی میں جو وسعت وہمہ گیری ہے، عقل انسانی اس کا احاطہ کرنے سے عاجز ہے۔ اس مہینے کے شب وروز میں اللہ کی اتنی بے پایاں رحمتیں مستور ہیں کہ ان کا اندازہ کرنے کے لیے ہمارے مادی حساب قطعاً ناکام ہیں اور ریاضی کا سارا سلسلہ بے کار ہے۔ حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ ''روزہ دار محض میری خوش نودی کے لیے روزہ رکھتا ہے اور میں ہی اسے اس کا بدلہ دوں گا'' اندازہ کیجیے جس عمل کا بدلہ خود اللہ تعالیٰ دیں، وہ عمل بھلا انسانی عقل اور ریاضی کے پیمانوں کی گرفت میں کس طرح آ سکتا ہے۔

رمضان المبارک میں اللہ کی رحمتوں کا جو شامیانہ پوری دنیا پر ایک خاص انداز اور طریقے سے تنا ہوا ہے، وہ رمضان گزر جانے کے بعد اتر جائے

گا۔ وہ برکتیں اور رونقیں جو رمضان کے ساتھ مخصوص ہیں ختم ہوجائیں گی۔ شیاطین آزادی کے ساتھ گھومیں گے اور برائی کے وہ تمام سرچشمے جو رمضان میں بند ہیں ایک ایک کر کے کھل جائیں گے۔

وہ لوگ یقیناً خسارے میں رہیں گے جنہوں نے رمضان کی آمد سے فائدہ نہیں اٹھایا اور اللہ کی ان نعمتوں سے جو صرف رمضان کے ساتھ مختص ہیں اپنے کو متمتع نہیں کیا اور اپنی جھولیوں کو اللہ کے مسلسل وپیہم انعامات نہیں بھرلیا۔ مسلمانوں کی حس تدین اگر بالکل ہی مردہ نہیں ہوگئی ہے اور ان سے ورع وتقویٰ اور نیکی وخیر کا جذبہ کلیتاً ختم نہیں ہوگیا ہے تو رمضان گزرنے کے بعد ایسے لوگ ضرور نادم ہوں گے اور اپنی کاہلی وسستی پر کف افسوس ملیں گے جنہوں نے اللہ کے حضور گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی نہیں مانگی اور پورا مہینا غفلت وبے خبری کے عالم میں بتادیا۔

جس طرح انسان زندگی میں اپنی گزشتہ ناکامیوں اور نامرادیوں پر تاسف وندامت کا اظہار کرتا ہے، ٹھیک اسی طرح مرنے کے بعد پوری زندگی پر افسوس کے آنسو بہائے گا اور گزشتہ ایک ایک لمحے اور ایک ایک ثانیے کو بے مصرف وبے کار جان کر تصویر حزن وملال بنا ہوگا۔ اور کہے گا میں پیدا ہی کیوں کیا گیا؟ یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا ہائے افسوس میں مٹی ہوتا تاکہ آج برائیوں کی کثرت اور گناہوں سے تر دامنی کی وجہ سے جوباز پرس ہوگی اُس سے محفوظ رہتا۔

پہلے ردائے غفلت اوڑھ کر خاموش بیٹھے رہنا، اور بعد میں وقت گزر جانے پر اظہارِ ندامت کرنا قطعی بے کار ہے۔ وقت کی گاڑی انتہائی تیز رو ہے، وہ کسی کا لحاظ کیے بغیر اپنا سفر جاری رکھتی ہے اور حساب وتخمینہ کی تمام حدود وقیود سے آزاد ہے۔ جو لمحہ گزر جائے، وہ پلٹ کر واپس نہیں آتا۔ وقت کی اپنی ایک چال اور اپنا ایک خاص انداز ہے۔ دنیا کی کوئی طاقت اس کی گرفت پر قادر نہیں۔ وقت نہایت قیمتی شئے ہے اور زندگی کا ہر لمحہ انتہائی لائق التفات ہے۔ اسے ضائع کرنا افلاسِ عقل اور کم مائیگی فہم وفکر کی دلیل ہے۔

رمضان کا مہینہ گزر رہا ہے۔ اگر کوئی اس کے گزرنے کے بعد اپنی کاہلی کا رونا روئے گا اور محرومیٔ عبادت پر اظہارِ افسوس کرے گا تو اس کا یہ افسوس اور حزن وملال اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکے گا۔

اس مبارکہ مہینے کی پہلی تاریخ ہی کو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو برائی سے بچنے اور گناہوں سے رکنے کا اعلان کردیتا ہے۔ حدیث میں آتا ہے: بارگاہِ الٰہی سے رمضان کی پہلی رات ہی کو فرشتوں کے ذریعے عام منادی کرادی جاتی ہے کہ یَا بَاغِیَ الشَّرِّ اَقْصِرْ ''او گنہگار! اب تو ارتکابِ گناہ سے رک جا۔'' یَا بَاغِیَ الْخَیْرِ اَقْبِلْ ''اے نیکی کے طلبگار وآ وَ اور اپنے دامن طلب کو نیکیوں سے بھرلو۔'' اللہ کے جن بندوں نے رمضان میں اپنے اوقات کی قدر کی اور نیکیوں کی طرف راغب وملتف رہے۔ ان جیسا خوش نصیب اور بلند بخت اور کون گا۔ جس طرح وہ رمضان المبارک میں خیرات وحسنات میں منہمک رہے، اسی طرح انہیں رمضان کے بعد بھی اس تسلسل کو جاری رکھنا چاہیے اور اپنی عبادت میں اسی تیزی اور خلوص کا ثبوت بہم پہنچانا چاہیے تاکہ عملاً یہ معلوم ہوسکے کہ رمضان کی عبادت نے ان کے قلب وضمیر کو متاثر ومتمتع کیا ہے۔

یہاں اس امر پر بھی غور کیجیے کہ گزشتہ رمضان کو گزرے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے۔ اس ایک سال کے عرصے میں کتنے ہی وہ لوگ ہم سے جدا ہوگئے اور ہم میں بچھڑ کر موت کی آغوش میں چلے گئے جو گزشتہ رمضان میں زندہ اور ہمارے ساتھ عید کی خوشیوں میں شریک تھے۔ ذرا غور سے دیکھئے آج ان میں سے کتنے ہی چہرے ہمیں نظر نہیں آتے۔ موت کی گرفت نے ان کو ہم سے جدا کردیا ہے۔ اسی طرح آئندہ رمضان تک نہ جانے ہم میں سے کتنے لوگ زندہ رہیں گے، اور رمضان کی بے پایاں برکتوں اور غیر محدود سعادتوں سے بہرہ ور ہوسکیں گے۔ اور کون موت سے ہم آغوش ہوجائیں گے۔ کائنات کا ہر ثانیہ منقلب اور ہر لمحہ تغیر پذیر ہے۔ دنیا کی کسی چیز کو دوام اور کسی شے کو ثبات نہیں اور اس دنیا کی کوئی شئے انسان کے ساتھ جانے والی نہیں سوائے نیکیوں اور امورِ خیر کے۔ جو شخص امورِ خیر کی طرف متوجہ ہے اور نیکیوں میں منہمک ہے وہی کامیاب وکامران ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ رمضان کے بعد ہم میں سے کون خوش قسمت ہے جو امورِ خیر کی انجام دہی میں مصروف اور آئندہ رمضان تک حسنات وخیرات میں منہمک رہتا ہے اور رمضان کے مبارک اثرات کی حفاظت کرتا ہے۔

فہرست

جواہر پارے	باعث عبرت		
کلمہ طیّبہ	جبرائیلؑ اور نبی کریمؐ کی بددعا کے مستحق کون؟		
اداریہ	رمضان کے مبارک اثرات کی حفاظت کیجیے!	(محمد اسحاق بھٹی)	2
درسِ قرآن	تفسیر سورۂ ق.....(۲۴)	(مولانا ارشاد الحق اثری)	4
درسِ حدیث	توفیق الباری	(حافظ محمد اشرف سعید)	7
افتاء		(محمد عبید اللہ خاں عفیف)	09
تحقیق وتنقید	درودِ ابراہیمی سے متعلق ایک فتوے کا جائزہ	(طارق محمود)	12
اعمال صالحہ	رمضان کیسے گزاریں؟	(ابو احمد وقاص زبیر)	16
مذاہب باطلہ	نزولِ عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق ابن کثیر کی روایت (۲)	(عطا محمد جنجوعہ)	21
یادِ رفتگاں	مولانا حافظ عبدالرحمٰن چنگوانی مرحوم	(عبدالرحیم اظہر ڈیروی)	27
تبصرۂ کتب		(محمد سلیم چنیوٹی)	31
شعر وادب	نعت رسولؐ	(اُمّ عبد منیب)	

جبرائیل علیہ السلام اور نبی کریم ﷺ کی بددعا کے مستحق کون؟

رمضان المبارک کا مہینا اللہ تعالیٰ نے ہمارے نصیب میں فرمایا ہے ہمیں چاہیے کہ رمضان المبارک میں خوب محنت مشقت کر کے سنت مطہرہ کے عین مطابق اللہ ربّ العزت کو خوش کرنے کی کوشش کریں۔ کیوں کہ اس شخص سے بڑا بدنصیب کون ہوسکتا ہے جو رمضان المبارک کو پا لینے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی رحمت، بخشش اور مغفرت نہیں کرواتا۔

اس لیے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایسے شخص کے لیے بددعا کی ہے اور حبیب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس پر آمین فرمائی ہے۔ یہ حدیث قابل غور ہے کہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسولِ اکرم ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: (آمین ، آمین ، آمین) ۔کہا گیا اے اللہ کے رسول ﷺ آپ نے منبر پر جلوہ افروز ہو کر تین مرتبہ آمین کہی ہے! (اس کی کیا وجہ ہے؟) تو آپ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ جِبْرِيْلَ عليه السلام أَتَانِيْ فَقَالَ: مَنْ أَدْرَكَ شَهْرَ رَمَضَانَ وَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِيْن ، فَقُلْتُ آمِين۔ وَمَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا فَلَمْ يَبَرَّهُمَا ، فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِيْن فَقُلْتُ آمين ، وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِين ، فَقُلْتُ آمِين . (صحيح ابن حبان، رقم: ۳،۹۰۷/ ۱۸۸)

''بے شک جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے تو انہوں نے کہا، جو شخص رمضان کا مہینا پائے۔ مگر اس میں اپنی بخشش نہ کروا سکے وہ جہنم میں داخل ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار ہو، تو آپ ﷺ اس پر آمین کہیے۔ تو میں نے آمین کہا۔ اور جو شخص اپنے والدین کو پائے یا اُن دونوں میں سے کسی ایک کو مگر ان کے ساتھ نیکی نہیں کی (اس حالت میں) وہ مرگیا تو وہ جہنم میں جائے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار ہو آپ ﷺ اس پر آمین کہیے تو میں نے آمین کہا۔ اور جس شخص کے پاس آپ ﷺ کا ذکر کیا گیا مگر وہ آپ پر درود (ﷺ کے الفاظ) نہ پڑھے پس وہ مرگیا تو وہ جہنم میں داخل ہو اس پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار ہو آپ آمین کہیے، تو میں نے آمین کہا۔''

فوائد الحدیث: اس حدیث مبارک میں تین اہم امور کا بیان ہے:

۱: جو شخص رمضان کا مہینا پالے اور وہ اپنے گناہوں کو نہ بخشوا سکے تو وہ شخص سب سے زیادہ بدبخت ہے۔ جبرائیل علیہ السلام اور نبی کریم ﷺ کی بددعا کا مستحق ہے۔

۲: والدین کے ساتھ حسن سلوک نہ کرنے والا انسان بھی سب سے زیادہ بدبخت ہے وہ بھی جبرئیل علیہ السلام اور نبی کریم ﷺ کی بددعا کا مستحق ہے وہ جہنم میں داخل ہوگا۔

۳: جو شخص نبی کریم ﷺ کا نام سنے اور درود نہ پڑھے وہ بھی سب سے زیادہ بدبخت ہے۔ جبرئیل علیہ السلام اور نبی کریم ﷺ کی بددعا کا مستحق ہے، وہ بھی جہنم میں داخل ہوگا۔ (عبدالرحیم بلتستانی)

باعث عبرت

﴿ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِى الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ○ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ○ ﴾ [ق: ٣٦، ٣٧]

''اور ہم کتنی قومیں ان سے پہلے ہلاک کر چکے ہیں، وہ ان سے بہت زیادہ طاقت ور تھیں تو انہوں نے زمین کا کونا کونا چھان مارا، کیا وہ کوئی جائے پناہ پا سکے؟ اس میں عبرت ہے ہر اس شخص کے لیے جو دل رکھتا ہو یا جو کان لگا کر بات سنے اور وہ حاضر ہو۔''

نعت رسول ﷺ

آپؐ کی آمد صبحِ حیات — نور و مصباح و مشکوٰۃ
آپؐ آئے تو ختم ہوئی — ظلم و ستم کی کالی رات
نکھرا دنیا کا ماحول — ہو گئے اُجلے اِحساسات
آپؐ نے آکر عام کیے — معقولات و معروفات
آپؐ کے فیض سے ہم کو ملے — سچے ربّ کے اِنعامات
آپؐ نے اس کو سلیقہ دیا — ورنہ تھی آوارہ حیات
آپؐ نے عفت میں ڈھالے — میلانات و رجحانات
آپؐ کا پیارا پیارا نام — آپؐ کی خوب ترین صفات
آپؐ کے پیروں کی مٹی — جیسے تاروں کی بارات
آپؐ کے خادم پر رحمت — جیسے ساون میں برسات
آپؐ سے پائے فہم و شعور — عقل و حکمت والی بات
چھوٹے بڑے پر اِک سی نظر — آپ کی مجلس خاص کی بات
بخشیں ترقی اور تعمیر — آپؐ کے سارے اِرشادات

(اُمّ عبدمنیب)